# DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

# نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

مورخہ 29-05-2023

| نمبرشمار | اھم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے،عبدالقدوس بزنجو۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ہماری پارٹی پہلے دن کی طرح مضبوط اور مستحکم کسی کی خواہش پر بلوچستان عوامی پارٹی کوختم نہیں کریں گے عبدالقدوس بزنجو | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | وفاق بلوچستان کی ترقی پرتوجہ دے رہاہے،مولاناعبدالوسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | عام انتخابات میں پیرشوٹر کاراستہ روکناضروری ہے،میراسد بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | یوم تکبیرقومی امنگوں کاترجمان تاریخ سازون ہے،نورمحمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | پٹ فیڈرکینال بیرون سائیڈپرٹیکشن بندتعمیر کیاجائے گامحمد خان لہڑی۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | پاک فوج سے یکجہتی کیلئے کوئٹہ سمیت صوبے بھرمیں ریلیاں نکالی گئیں۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ سمیت بلوچستان بھرمیں یوم تکبیرقومی جوش جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | دالبندین میں یوم تکبیر کی سلورجوبلی کی تقریب میں اعلیٰ سول وفوجی حکام کی شرکت۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | مسیحی برادری کے زیراہتمام پاک فوج کی حمایت میں ریلی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | گوادر سے دواؤں کے خام مال کے 5 کنٹینرزچین کیلئے روانہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | وفاقی محتسب 30 مئی کوکوئٹہ پہنچیں گے مختلف تقاریب میں شریک ہونگے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان میں سونے اور چاندی کی کان کنی کیلئے مزید 7 جگہوں پرکام جاری ہے رپورٹ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | زمینداروں کیلئے سوا2ارب روپے کاپلان بنایا،سیکرٹری زراعت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچ طلباء پرتعلیم کے دروازے بند کیے جارہے ہیں بی این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | ایٹمی دھماکوں سے قبل اعتماد میں نہیں لیاگیاوزیراعلیٰ سے ہاتھ دھوناپڑاسرداراختر مینگل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | جدوجہدکرنیوالے غریب عوام اورعام سیاسی کارکن سماج کے ہیروہیں ڈاکٹرمالک بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

نوکنڈی میں قتل میں مطلوب ملزم گرفتار،آواران میں گولیوں سے چھلنی لاش برآمد،کچلاک پولیس نے اسلحہ برآمد کر کے ایک ملزم کوگرفتار کرلیا،بیلہ پولیس نے مسروقہ موٹرسائیکل برآمد کر کے ملزم کوگرفتار کیا،تمبو کے علاقے میں ایک شخص قتل اندھی گولی لگنے سے لڑکی جاں بحق،تربت فائرنگ سے ایک شخص جان بحق۔

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 29-05-2023

## عوامی مسائل

بلوچستان میں چینی آٹا اور اجناس کی قیمتیں بے لگام ہوگئیں، کوہلو میں ملیریا اور ٹائیفائیڈ پھیلنے لگا مریض پریشان، مانجھی پور ملیریا و دیگر امراض سے تشویشناک صورتحال سرکاری ہسپتالوں میں سہولتیں ناپید، ٹریفک انجینئرنگ بیورو نہ بن سکا بدترین ٹریفک جام معمول بن گیا، بلوچستان کی خون آلودہ شاہراہوں پر توجہ دی جائے، پرچون گڈز، سی ٹرانسپورٹرز کرایوں میں کمی نہ لائے عوام ریلیف سے محروم انتظامیہ غافل

## اداریہ:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے " **بلوچستان کیلئے عالمی بینک کی امداد** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 21 کروڑ 30 لاکھ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی، عالمی بینک کے مطابق رقم بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں روزگار، ضروری خدمات فراہمی پر خرچ ہوگی صوبے کی آبادی کو قدرتی آفات کے خلاف تحفظ فراہم کیا جائے گا، 35 ہزار ایک سو گھروں کی تعمیر کے لئے گرانٹ دی جائے گی مجموعی طور پر 27 لاکھ افراد کی زندگی میں بہتری آنے کی توقع ہے، امید ہے کہ حکومت اور بیوروکریسی بے کار کے کاموں میں پیسہ ضائع کرنے کے بجائے اس بار اس خطیر رقم کو اصل مقاصد کیلئے خرچ کر کے واقعی عوام کی زندگیوں میں بہتری پیدا کریں گے، بلوچستان میں وسائل اور رقم کی اتنی بھی تنگی نہیں رہی کہ عوام کو سہولیات کی فراہم کیلئے کچھ نہ کیا جا سکے لیکن بقول گورنر بلوچستان کے یہاں لوگ پیسہ کھا جاتے ہیں جماعت اسلامی کے سربراہ سراج الحق نے ان پر ہونے والے خودکش حملے کے بعد جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ پوری دنیا سے ان کی خیریت کے حوالے سے کال موصول نہیں ہوئی انہوں نے برملا الزام لگایا کہ انہیں بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان دن بر نشے کی حالت میں پڑے رہتے ہیں اور رات کو کسی پہر اٹھ کر فائلوں پر دستخط کر دیتے ہیں یہ بہت بڑا الزام ہے لیکن وزیراعلیٰ ہاؤس یا ان کی اپنی جانب سے اس بیان کی تردید بھی نہیں آئی،

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Commission on Audio Leaks Thwarted by order" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**تربت کھجور فیکٹری کا قیام شاندار حکومتی اقدام** " کے عنوان سے چاکر بلوچ کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ "**نواب خیر بخش مری خان سے پہلی ملاقات** "عنوان سے امان اللہ شادیزئی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# ہماری پارٹی پہلے دن کی طرح مضبوط اور مستحکم ہے، کسی کی خواہش پر بلوچستان عوامی پارٹی کو ختم نہیں کریں گے، عبدالقدوس بزنجو

کسی کے جانے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا جو لوگ آنا چاہتے ہیں انہیں ویلکم کہیں گے سابق صدر آصف علی زرداری سمیت تمام سیاسی جماعتوں اور ان کی قیادت سے عزت و احترام کا رشتہ ہے

بی اے پی جن مقاصد کیلئے بنائی گئی تھی انہیں ہمیں کافی حد تک کامیابیاں ملی ہماری حکومت نے صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایسے جرات مندانہ تاریخی فیصلے کیے جن کی ماضی میں نظیر نہیں ملتی

پارٹی کے قیام کا مقصد بھی یہی تھا کہ ہم ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کیساتھ برابری کی بنیاد پر صوبے کے مسائل کے حل کو یقینی بنائینگے ریکوڈک منصوبے پر معاہدہ اس کی ایک مثال ہے، وزیر اعلیٰ

ہماری جماعت آئندہ آنے والے انتخابات میں سیاسی پارٹیوں کے ساتھ انتخابی اتحاد تو ضرور کرے گی لیکن بلوچستان عوامی پارٹی کو ختم یا کسی جماعت میں ضم کرنے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں

اداروں کا احترام ہم سب پر لازم ہے ملک افراتفری اور مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا ہمیں اپنے عوام کے حالات کو بدلنے کی ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی صادق سنجرانی سے گفتگو

پاکستان کا دفاع مضبوط اور ایٹمی صلاحیت جنوبی ایشیائی خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کیلئے ہے، پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن، آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان و بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ کسی کی بھی خواہش پر بلوچستان عوامی پارٹی کو ختم نہیں کریں گے ہماری پارٹی پہلے دن کی طرح مضبوط اور مستحکم ہے کسی کے جانے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا جو لوگ آنا چاہتے ہیں انہیں ویلکم کہیں گے ہمارے دروازے سب کے لئے کھلے ہیں سابق صدر آصف علی زرداری سمیت تمام سیاسی جماعتوں اور ........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 9 پر

ان کی قیادت سے عزت و احترام کا رشتہ ہے یہ بات انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی جن مقاصد کے لئے بنائی گئی تھی اس میں ہمیں کافی حد تک کامیابیاں ملی ہماری حکومت نے صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے قلیل مدت ایسے جرات مندانہ تاریخی فیصلے کیے جن کی ماضی میں نظیر نہیں ملتی ریکوڈک معاہدہ بارڈر مارکیٹوں کا قیام لوگوں کے روزگار اور انکی عزت نفس کا تحفظ غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ گوادر کی بجلی اور پانی کے دیرینہ مسائل کا حل ماہی گیروں کے حقوق کا تحفظ اور انہیں لیبر کا درجہ دینا کنٹریکٹ اساتذہ اور دیگر محکموں کے ملازمین کی مستقلی پرامن ماحول میں بلدیاتی انتخابات مردم شماری پی ایس ایل کا نمائشی میچ 19 سال بعد قومی کھیلوں کا انعقاد طویل عرصہ بعد گندم کی بروقت اور ہدف کے مطابق خریداری سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی رمضان المبارک میں ایک لاکھ مستحق خاندانوں کو ایک ماہ کے راشن کی فراہمی 2022-23 کا متوازن اور عوام دوست بجٹ دھرنوں اور احتجاجوں کا افہام و تفہیم سے خاتمہ ای خدمت مرکز کا قیام ترقیاتی عمل میں شفافیت کے لیے بلوچستان پہلا صوبہ جہاں ای ٹینڈرنگ کا آغاز کیا گیا اور بہت سی دیگر کامیابیاں ہمارے کریڈٹ پر ہیں صوبے کے مسائل کے حل لئے بنے والی ہماری جماعت نے صوبے اور ملکی سیاست میں کلیدی کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ بی اے پی کو کسی کی بھی خواہش پر ختم نہیں کریں گے ہماری جماعت کا ہر ممبر صدر ہے سب کی رائے کا احترام کرتا ہوں صوبے کی بہتری کے لئے جو بھی تجاویز ملتی ہیں کوشش کرتا ہوں ان پر عمل درآمد کریں انہوں نے کہا کہ اپنی جماعت بلوچستان عوامی پارٹی کی مضبوطی کے لئے مزید کام کریں گے انہوں نے کہا کچھ حلقوں کی جانب سے یہ تاثر دیا جارہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی ختم ہو کر ملک کی کسی بڑی سیاسی جماعت میں ضم ہوجائے گی انہوں نے اس کی سختی سے تردید کرتے ہوئے کہا کہ ہماری جماعت آئندہ آنے والے انتخابات میں سیاسی پارٹیوں کے ساتھ انتخابی اتحاد تو ضرور کرے گی لیکن بلوچستان عوامی پارٹی کو ختم یا کسی جماعت میں ضم کرنے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے مسائل کے حل اور اپنے عوام کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے وفاقی حکومت کے سامنے ہماری پارٹی نے جس طرح دوٹوک انداز میں اپنا موقف اپنائے رکھا اس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی، بی اے پی کے قیام کا مقصد بھی یہی تھا کہ ہم ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر اپنے صوبے کے مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے ریکوڈک منصوبے پر معاہدہ اس کی ایک مثال ہے انہوں نے ملک کے موجودہ معاشی و سیاسی حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر مسائل کا حل تلاش کرنے کی ضرورت ہے اداروں کا احترام ہم سب پر لازم ہے ملک افراتفری اور مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا ہمیں اپنے عوام کے حالات کو بدلنے کی ضرورت ہے جو اس وقت بدترین مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ روز چیئرمین سینٹ سے پارٹی کے حوالے سے طویل ملاقات ہوئی ہے اور ہم نے بہت سے اہم فیصلے کیے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر انکی کسی بات سے کسی کو تکلیف پہنچی ہو یا دل آزاری ہوئی ہو تو وہ دل سے معذرت خواہ ہیں ۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ 25 سال قبل 28 مئی 1998 کو پاکستان نے ایٹمی طاقت حاصل کی مسلح افواج اور ملکی دفاع ناقابل تسخیر والے بنانے والے تمام افراد مشکلات کے خلاف ثابت قدم رہے، پاکستان کا دفاع مضبوط اور ایٹمی صلاحیت جنوبی ایشیائی خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لئے ہے ۔ یہ بات انہوں نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہی ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے مسلح افواج ملکی قیادت اور ہمارے ایٹمی سائنسدانوں نے قابل ستائش اور تاریخی کارنامہ سرانجام دیا ۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی صلاحیت کا حصول قوم اور آنے والی نسلوں کے لئے بھی قابل فخر ہے یوم تکبیر ہمیں پاکستان کی ترقی سالمیت اور خوشحالی کے لئے اجتماعی طور پر خدمت کرنے کا درس دیتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو بہادر مسلح افواج پر فخر ہے ہمیں فخر ہے کہ ہم ایک ایسے ملک میں رہتے ہیں جو مسلم امہ کی واحد ایٹمی قوت ہے ۔

## عام انتخابات میں پیر شوٹرز کا راستہ روکنا ضروری ہے، میر اسد بلوچ

**وفاق بلوچستان کو کالونی کی طرز پر چلانے کی بجائے بلوچستان کے لوگوں کو وسائل پر دسترس دے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر زراعت راجی راجشوں، میر اسداللہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو کالونی کی طرز پر چلانے کی پالیسی ترک کے مثبت پالیسی اختیار کرتے ہوئے بلوچستان کے وسائل پر لوگوں کو دسترس دیتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنا کر تعلیم صحت روزگار فراہم کرنا ہوگا صاف اور شفاف انتخابات کرا کر حقیقی نمائندوں کو ایوان میں بھیج کر پیر اشوٹرز کا راستہ روکنا ہوگا اور وفاق کو بلوچستان کے حوالے سے اپنی پالیسی اور سوچ بدلنا ہوگی سیلاب میں نقصانات کے ازالے اور وزیر اعظم کے اعلان کردہ فنڈز نہیں ملے اس وقت بھی پی ایس ڈی پی اور این ایف سی کے 50 ارب روپے سے زائد واجب الادا ہیں ہم نے صوبے کے 34 اضلاع کے کسانوں کو 4 لاکھ بوریاں گندم کا بیج دیا ہے جس کی وجہ سے اس سال صوبے میں بھی ہدف سے زیادہ گندم پیدا ہوئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو بلوچستان ایگریکلچر آفیسر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مقامی حال میں فور ٹائر سروس اسٹرکچر کی منظوری کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا تقریب سے ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر قاسم کاکڑ سیکرٹری زراعت اسید علی، سیکرٹری ایجوکیشن عبدالروف بلوچ، عرفان علی بختیاری، انعام الحق، علی رضا، بشیر آغا، محمد اسلم نیازی، عبدالوہاب کاکڑ، ناصر مجید، ڈاکٹر عبیداللہ، شکیل زہری، عطا محمد ترکئی سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا میر اسداللہ بلوچ نے کہا کہ ہم نے ملک کے فریم ورک میں رہتے ہوئے اپنی جدوجہد کرتے ہوئے چیلنجز کا مقابلہ کیا ہے بلوچستان کی سرزمین نے قدرت نے ہر کسی نعمت معدنیات وسائل پھلوں سے نواز رکھا ہے لیکن ہم نے ان نعمتوں اور وسائل کو تاحال استعمال لا کر اپنے لوگوں کی حالت کو نہیں بدلا جسکی وجہ سے ہمارے لوگوں کو مشکلات درپیش ہیں ہم سب کو اس دھرتی اور مٹی کے قرض کو اتارنے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ حالیہ مردم شماری میں بلوچستان کی آبادی 2 کروڑ 10 لاکھ ہوئی ہے لیکن وفاقی وزراء اس کو تسلیم کرنے سے انکاری ہیں پنجاب کی آبادی زیادہ ظاہر کر کے وسائل پر اپنا قبضہ اور لوٹ مار چاہتے ہیں حالانکہ پنجاب کی آبادی کم ہے اور وفاق سمیت وہاں پر بیٹھے والوں نے این ایف سی میں بھی رقبے کی بجائے آبادی کو شامل کیا ہے اگر رقبے کو شامل کرتے ہیں تو وسائل بلوچستان کر ملتے بلوچستان کے وسائل پر انکی نظر ہے غلط پالیسی اور طاقت کی وجہ سے صوبے میں پانچ بار انسرجنسی ہوئی ہے اسکا کسی کو شوق نہیں یہ اقدام بے انصافی روزگار تعلیم صحت کی سہولیات کی عدم فراہمی اور وسائل پر دسترس نہ ہونے کی وجہ سے اٹھائے جاتے ہیں صوبے کی 2 کروڑ 10 لاکھ کی آبادی میں سے 2 لاکھ 75 ہزار ملازمین ہیں یہاں پر کوئی انڈسٹری اور روزگار کے ذرائع نہیں لوگوں کا ذریعہ معاش نہیں ہم نے سسٹم کو بہتر بنانا ہے تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو میں نے اپنے حلقے پنجگور سمیت بلوچستان میں تقریباً 8 ہزار ملازمتیں دی ہیں جو بغیر کسی سفارش اور پیسے کے دی ہیں اگر کوئی ثابت کردے تو میں سیاست چھوڑ دوں گا۔

## یوم تکبیر قومی امنگوں کا ترجمان تاریخ ساز دن ہے، نور محمد دمڑ

**وطن کی سالمیت پر کوئی آنچ آنے نہیں دینگے، صوبائی وزیر کا یوم تکبیر پر پیغام**

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے یوم تکبیر کے موقع پر قوم کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یوم تکبیر قومی امنگوں کا ترجمان اور ملی یکجہتی کا تاریخ ساز دن ہے 28 مئی 1998ء کا دن ملکی سلامتی دفاع اور قومی وقار و افتخار کی علامت کے طور پر ہمیشہ زندہ رہے گا آج سے 25 سال قبل 28 مئی 1998 کو پاکستان نے ایٹمی طاقت حاصل کی یہ دن پاکستانی قوم بلکہ پوری ملت اسلامیہ کیلئے فخر کا باعث ہے یوم تکبیر کا پیغام یہی ہے کہ ہم ملکی دفاع ترقی اور خوشحالی کیلئے یکسو ہو جائیں اور کسی کو بھی اپنی منزل کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کی اجازت نہ دیں صوبائی وزیر نے پیغام میں کہا کہ یوم تکبیر کے موقع پر ہمیں اس عزم کا اعادہ کرنا ہے کہ وطن عزیز کی سالمیت، خود مختاری اور دفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے اور پاک وطن کیلئے خون کا آخری قطرہ بھی بہا دیں گے۔

## وفاق بلوچستان کی ترقی پر توجہ دے رہا ہے، مولانا عبدالواسع

**عمران نیازی کا دور گزر چکا اب وہ عوام سے معافی مانگیں، مرغہ فقیرزئی میں خطاب**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ہم جب مذاکرات کر رہے تھے تو وہ خود کو فرعون سمجھ رہا تھا اب وہ خود ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے بعد مذاکرات کی بات کر رہا ہے مگر ہم نے کبھی مذاکرات کی مخالفت نہیں وفاقی حکومت بلوچستان میں ترقیاتی اسکیموں کا جال بچھا رہی ہے آنے والے بجٹ میں صوبے کی ترقی کیلئے اربوں روپے مختص کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے قلعہ مرغہ فقیرزئی میں سڑک کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں کیا وفاقی وزیر نے کہا کہ اس وقت بلوچستان احساس محرومی کا شکار ہے وفاقی حکومت کی پوری توجہ بلوچستان کی ترقی پر ہے مسائل حل کرنے کیلئے ہر حد تک جائیں گے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اس وقت ملک گیر سیاسی و مذہبی جماعت ہے اور جب بھی ملک پر برا وقت آیا ہے تو جمعیت علماء اسلام نے اپنا کردار ادا کیا ہے جس طرح ہمارے اکابرین نے عوام کے حقوق آئین و قانون کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی اس طرح ہم بھی ان کے نقش قدم پر چل کر عوام کے امنگوں کے مطابق فیصلے کریں گے عمران نیازی کا دور گزر چکا ہے اب ان کو چاہئے کہ وہ عوام سے معافی مانگیں۔

## سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے تعزیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمٰن کھیتران کے بیٹے کی وفات پر اتوار کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی، صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی نور محمد دمڑ، وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری عمران گچکی، سردار زادہ شہزاد بھوتانی، کوئٹہ پریس کلب کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری بنارس خان، نادر حسین زمرد، مطلوب کاظمی، عمران علی ہزارہ، ڈائریکٹر بلوچستان اسمبلی ہاشم کاکڑ، ڈاکٹر یاسر خوتی سمیت دیگر مکتب سے تعلق رکھنے والے افراد نے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی رہائش گاہ پر جا کر فاتحہ خوانی اور تعزیت کی۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

29 MAY 2023

Bullet No. 1 DATE: Page No: 5


# پٹ فیڈر کینال بیرون سائیڈ پروٹیکشن بند تعمیر کیا جائے گا محمد خان لہڑی

## نہری نظام کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، میڈیکل کالج اور بی آر سی کالج کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا

### عوام سے کیے گئے تمام وعدوں کی پاسداری کر کے ہم اپنا فریضہ ادا کر رہے ہیں صوبائی وزیر آبپاشی کی وفود سے گفتگو

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ نہری نظام کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں مستقبل میں پٹ فیڈر کینال بیرون سائیڈ پروٹیکشن بند تعمیر کیا جائے گا تاکہ سیلابی صورتحال کے وقت پٹ فیڈر کینال کو کوئی بھی خطرہ نہ رہے اور عوام کو بھی سیلاب کی صورتحال سے نبرد آزما نہ ہونا پڑے میڈیکل کالج اور بی آر سی کالج کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا سیلاب کے دوران پٹ فیڈر کینال کو پہنچنے والے نقصان کا فوری طور پر اقدامات کیے گئے جس کا واضح ثبوت حالیہ ربیع سیزن میں ریکارڈ گندم کی پیداوار حاصل ہوئی ہے نصیر آباد ڈویژن میں وافر مقدار میں گندم کی پیداوار ہوتی ہے اس پیداوار کی بدولت بلوچستان گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہو چکا ہے تنقید کرنے والے اپنے ماضی کو یاد کریں ہم جھوٹی اور من گھڑت سیاسی جدوجہد پر یقین نہیں رکھتے عوام سے کیے گئے تمام وعدوں کی پاسداری کر کے ہم اپنا فریضہ ادا کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ملنے والے عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی حاجی فریدالحق لہڑی وڈیرہ عبدالقادر چندرانی میر عبدالوحید چندرانی وڈیرہ محمد مراد چندرانی سمیت دیگر سیاسی وقبائلی رہنما موجود تھے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی کاوشوں کی بدولت صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے اور بیروزگاری کے خاتمے کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں صوبائی وزیر آبپاشی نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں عوامی بنیادی مسائل کے حل کے لیے مختلف اجتماعیت کے منصوبوں پر کام جاری ہے ہم عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں آئندہ عام انتخابات میں بھی اپنی کارکردگی کی بنیاد پر عوام سے سرخرو ہوں گے بلوچستان عوامی پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت عوام کے اعتماد کا اظہار ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 29 MAY 2023 Page No: 7


# کوئٹہ سمیت ملک بھر میں یوم مذمت، غدار پاکستان ریلیاں

## فضاء پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی

مسیحی برادری کے بشپ جان چیئرمین تحریک جوانان عبداللہ حمید گل کی زیر قیادت حو ڈیسٹ چرچ سے پاک فوج کے حق میں ریلی

**پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے سیکیورٹی ایجنسیز بہترین صلاحیتوں کی بدولت آج ہم سکھ اور چین کی نیند سوتے ہیں، مقررین کا خطاب**

اسلام آباد، کوئٹہ (بیورو رپورٹ، سٹی رپورٹر) ملک میں 9 مئی کو ہونے والے واقعات اور ملوث عناصر کی بھرپور مذمت کیلئے پاکستان کے مختلف علاقوں میں عوام سڑکوں پر نکل آئے ملک بھر کی طرح کوئٹہ میں بھی پاک فوج کے حق میں ریلیوں اور مظاہروں کا سلسلہ ........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 9 پر

جاری میتھوڈیسٹ چرچ سے پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی گئی جسکی قیادت بشپ آف کراچی بلوچستان فریڈرک جان چیئرمین تحریک جوانان پاکستان عبداللہ حمید گل، سابق رکن بلوچستان اسمبلی انیتا عرفان، سابق صوبائی وزیر جعفر جارج شہزاد کندن بھر گل کی قیادت کررہے ہے ریلی عبدالستار ایدھی چوک پر پہنچ کر مظاہرے کی شکل اختیار کرگئی مظاہرین نے بینرز پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاک فوج مملکت خداداد پاکستان کی حفاظت کی ضامن ہے جسطرح 9 مئی کو پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے اداروں سرکاری املاک، شہداء، غازیوں کی یادگاروں اور مجسموں، کور کمانڈر ہاؤس، جی ایچ کیو، ریڈیو پاکستان، حساس اداروں کے دفاتر پر جسطرح بلوائیوں نے حملہ آور ہوکر توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کرکے پاکستان کی بدنامی کا باعث بنے اور دنیا بھر میں ملک کی جگ ہنسائی کی گئی پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے پاک فوج اور سکیورٹی ایجنسیز بہترین صلاحیتوں کی بدولت آج ہم سکھ اور چین کی نیند سوتے ہیں اور ہمارے دشمن دن رات اس کوشش میں رہتے ہیں کہ ہمیں موقع ملے اور ہم پاکستان کو غیر مستحکم کرنے نقصان پہنچانے اور فورسز کیلئے کوئی بدنامی کا باعث بنے لیکن انہیں ہر محاذ پر فورسز نے ناکام بنا کر منہ توڑ جواب دیا ہے لیکن 9 مئی کو جسطرح پاکستان بھر میں جو کھیل کھیلا گیا پاکستان کا ازلی دشمن 75 سالوں میں یہ گھناؤنی حرکت نہیں کرسکا اور سیاسی جماعت کے کارندوں نے احتجاج کی آڑ میں جو جلاؤ گھیراؤ کرکے ملک اور قوم کو نقصان پہنچا کر شہداء کے لواحقین اور قوم کے دلوں کو جو ٹھیس پہنچائی ہے اُنکے بدلے انہیں ملوث کوئی بھی شخص کسی بھی رعائیت کا مستحق نہیں ہے مظاہرین پاک فوج کے حق میں اور ملک استحکام کیلئے نعرہ بازی کرتے ہوئے ریلی واپس میتھوڈسٹ چرچ پر جا کر اختتام پزیر ہوگئی۔

# کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم تکبیر قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

**دن کا آغاز مساجد میں پاکستان کی ترقی و خوشحالی مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی اور پاکستان کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعاؤں سے کیا گیا**

سرکاری افسران، این جی اوز، سول سوسائٹی کی تنظیموں، دانشوروں، مزدوروں اور طلبا نے یوم تکبیر کے حوالے سے ریلیوں سیمیناروں اور واک میں شرکت کی

**چھ ایٹمی تجربات نے پاکستان کو دنیا کی ساتویں ایٹمی ہتھیاروں والی ریاست اور امت مسلمہ کا پہلا ملک بنا دیا، سیاسی و سماجی رہنماؤں کا ریلیوں سے خطاب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، نمائندے، نیوز ایجنسیاں) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم تکبیر قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا گوادر سے کوئٹہ اور کوئٹہ سے چمن تک تمام اضلاع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران، این جی ا........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 9 پر

وز، سول سوسائٹی کی تنظیموں، دانشوروں مزدوروں اور طلبا نے یوم تکبیر کے حوالے سے ریلیوں سیمیناروں تقریری مقابلے اور واک میں شرکت کی اس سال 28 مئی کے اس تاریخی لمحے کی تقریبات نہایت جوش جذبے سے منائی گی جب پاکستان نے بلوچستان کے ضلع چاغی میں کامیابی کے ساتھ ایٹمی دھماکہ کیا اور دنیا میں ایٹمی ہتھیار رکھنے والی ریاستوں کے باوقار کلب میں شامل ہو گیا کامیاب چھ ایٹمی تجربات نے پاکستان کو دنیا کی ساتویں ایٹمی ہتھیاروں والی ریاست اور امت مسلمہ کا پہلا ملک بنا دیا دن کا آغاز مساجد میں پاکستان کی ترقی و خوشحالی مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی اور پاکستان کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعاں کی گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 29 MAY 2023

Page No: 8


## دالبندین میں یوم تکبیر کی سلور جوبلی کی تقریب میں اعلیٰ سول و فوجی حکام کی شرکت

**راسکوہ میں تقریب کا انعقاد، ملکی بقا و سلامتی کیلئے دعا، سول انتظامیہ، فوج، ایف سی نے کار ریلی بھی نکالی**

دالبندین (پ ر) دالبندین میں یوم تکبیر کی سلور جوبلی ملی جوش وجذبے سے منائی گئی۔ اس سلسلے میں ایف سی بلوچستان ساؤتھ سیکٹر ہیڈ کوارٹر نار تھ نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر دالبندین میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا۔ تقریب میں اعلیٰ سول و عسکری حکام، مقامی عمائدین، نوجوانوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریبات کا آغاز 27 اور 28 مئی کی درمیانی رات کو قومی ترانے سے کیا گیا۔ اس کے بعد لوک موسیقی، ڈھول کی تھاپ پر مقامی رقص، علاقائی کلبوں کے درمیان فٹسال میچ اور آتش بازی کے مظاہرے ہوئے۔ تقریب کے اختتام پر ایف سی بلوچستان ساؤتھ کی جانب سے جیتنے والی ٹیم اور شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ یوم تکبیر کی مناسبت سے تعمیر کیے گئے یادگار راسکوہ میں 28 مئی کی صبح ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور ملکی بقا وسلامتی کے لیے دعا سے ہوا۔ تقریب میں علاقے کے عمائدین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آلائی دالبندین کے عوام نے سول انتظامیہ، پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے ساتھ مل کر ایک باوقار کار ریلی نکالی۔

## مسیحی برادری کے زیراہتمام پاک فوج کی حمایت میں ریلی

**ریلی میں کوئٹہ کے مختلف گرجا گھروں سے پادریوں اور مسیحی برادری کے افراد نے شرکت کی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مسیحی برادری کے زیراہتمام سانحہ 9 مئی کے خلاف اور پاک فوج کی حمایت میں ریلی، ریلی کے شرکا کی جانب سے پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کی گئی۔ اتوار کو مسیحی برادری کی جانب سے بشپ آف چرچ آف پاکستان بلوچستان و سندھ ڈائس فریڈرک جان کی قیادت میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے میتھوڈسٹ چرچ سے عبدالستار ایدھی چوک تک ریلی نکالی گئی، ریلی میں کوئٹہ کے مختلف گرجا گھروں سے پادریوں اور مسیحی برادری کے افراد نے شرکت کی جبکہ ریلی میں تحریک جوانان پاکستان کے چیئرمین عبداللہ گل اور کارکن بھی شریک ہوئے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے تحریک جوانان پاکستان کے چیئرمین عبداللہ گل، فادر فیڈرک، شہزاد کندن، انجا عرفان، سحر گل مسیحی سمیت دیگر نے کہا کہ 9 مئی ملک کی تاریخ کا سیاہ دن ہے جب پوری قوم کے سینے زخمی کر دیئے گئے۔ شہداء کی یادگاروں کی جس طرح بے حرمتی کی اور قومی تنصیبات کو شرپسندی کا نشانہ بنایا گیا اس کی مثال نہیں ملتی مقررین نے کہا ہے کہ پاکستان ہماری جان اور قوت ہے اسے نقصان پہنچانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں جن لوگوں نے ملک اور قوم کا وجود خطرے میں ڈالا ان کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم افواج پاکستان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کی پشت پر کھڑے ہیں اور ملک کو کمزور بنانے کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ ملک کی اقلیتی برادری اس عزم کا اعادہ کر رہی ہے کہ ملک کا ہر شہری افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ریلی کے شرکا نے شمعیں بھی روشن کیں۔


MASHRIQ QUETTA


# 25 واں یوم تکبیر پاکستان کی مناسبت سے چاغی میں رنگا رنگ تقریبات

**میوزیکل شو، آتش بازی، بلوچی خوبصورت چھاپ کا مظاہرہ، کھلیوں کے مقابلے، راسکوہ پہاڑ کے خوبصورت ماڈل کیساتھ ریلی**

**25 سال قبل آج ہی کے دن چاغی کے پہاڑ میں پاکستان چھ ایٹمی تجربے کر کے پہلا اسلامی ایٹمی قوت بن گیا، مقررین کا اظہار خیال**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) 25 واں یوم تکبیر پاکستان کی مناسبت سے چاغی کے ہیڈ کوارٹر دالبندین میں رنگارنگ تقریب بڑی تعداد میں قبائلی عمائدین شہریوں، انجمن تاجران، ہندو برادری اور ضلعی آفیسران اور عسکری قیادت کی شرکت تفصیلات کے مطابق 25 واں یوم تکبیر کی مناسبت سے دالبندین فٹسال گراؤنڈ میں ایک تقریب منعقد ہوا تقریب کے مہمان خاص بریگیڈیئر یاسر نواز جنجوعہ، لیفٹیننٹ کرنل حافظ گل احمد، کیپٹن مدثر، ایس پی چاغی عبد العزیز جمالدینی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حاجی اسد اللہ، اسسٹنٹ کمشنر عبدالباسط بزدار، میجر سجاد احمد، ایس ایچ او عبدالستار، ڈی ایف اے چاغی کے صدر حاجی عبدالروف نوتیزئی، حاجی عبدالباری نوتیزئی، فٹسال ایسوسی ایشن کے صدر حاجی اسد اللہ غالب، جنرل سیکرٹری الطاف حسین بلوچ، پریس کلب کے صدر حاجی عبدالستار کشانی، اور بڑی تعداد میں شائقین بھی موجود تھے اس موقع پر میوزیکل شو، آتش بازی، بلوچی خوبصورت چھاپ، کا مظاہرہ کیا گیا گراؤنڈ میں دو ٹیموں کے درمیان فٹسال میچ بھی کھیلا گیا چاغی یونائیٹڈ اور راسکوہ ویپرز کے درمیان کھیلا گیا پلنٹی کک پر دونوں ٹیمیں برابر ہوگئے اس موقع پر مہمانوں کو بلوچی پگڑی پہنائی گئی تقریب میں بہترین فن کا مظاہرہ کرنے والوں میں مہمان خصوصی بریگیڈیئر یاسر نواز جنجوعہ ودیگر نے انعامات تقسیم کیے ادھر 25 واں یوم تقریب پر ڈی سی کمپلیکس سے ضلعی انتظامیہ، آرمی، ایف سی کے زیر اہتمام ایک کار ریلی نکالی گئی جس میں سب ڈویژنل امن کمیٹی کے رہنماؤں مسعود آزاد اکازئی، قمر بجرانی، اتفاق پینل کے رہنما حاجی میر احمد محمد حسنی، اور خان پینل کے رہنماؤں میر خداداد محمد حسنی، ڈاکٹر الٰہی بخش، انجمن تاجران کے صدر حاجی آغا محمد حسنی، جنرل سیکرٹری حاجی نور احمد جاتیوال، ہندو پنچایت کے کونسلر برج لال، بھیول داس، ودیگر قبائلی عمائدین بھی ریلی میں شریک ہوئے ریلی اسسٹنٹ کمشنر دالبندین عبدالباسط بزدار، ایس پی چاغی عبدالعزیز جمالدینی ودیگر عسکری آفیسران کی قیادت نکالی گئی کار ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی مغربی بائی پاس پہنچی بائی پر راسکوہ پہاڑ کا خوبصورت ماڈل رکھا ہوا تھا کار ریلی شرکاء نے دعا کی اور تقریب سے شرکاء کا کہنا تھا 25 سال قبل آج ہی کے دن چاغی کے پہاڑ میں پاکستان نے چھ ایٹمی تجربہ کر کے پہلا اسلامی قوت بن گیا اور پاکستان دفاعی حوالے سے ناقابل تسخیر بنا اور دشمن کے منہ کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا شرکاء کا کہنا تھا ہمیں فخر ہے ہم اس سرزمین سے تعلق رکھتے ہیں جس نے دفاعی حوالے سے پاکستان کو پوری دنیا میں ایک پہچان دیا، آخر میں شرکاء نے ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی نعرے تکبیر، پاک فوج پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 29 MAY 2023 Page No: 13


## ملکی سلامتی کیلئے جانیں دینے والوں کی قربانیاں فراموش نہیں کرسکتے، مقررین

**شہدائے ملت ہمارے اصل ہیرو، انکی زندگیاں نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہیں، پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ نورین، عبداللہ گل، ڈاکٹر ربابہ، ظہور بلیدی ودیگر**

کوئٹہ (پ ر) وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ نورین نے کہا ہے کہ پاک فوج ملکی سلامتی کی ضامن ہے شرپسند عناصر عوام کو پاک فوج کی محبت اور اہمیت سے متنفر نہیں کرسکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بحیثیت مہمان خصوصی یوم تکریم شہداء کے حوالے سے یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں یونیورسٹی کی طالبات بھی موجود تھیں جبکہ تحریک جوانان پاکستان کے چیئرمین عبداللہ گل، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، رکن صوبائی اسمبلی ظہور بلیدی اور سعادت بلوچ نے بھی شرکت کی۔ وائس چانسلر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم تکریم شہداء دراصل وطن کے بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے منایا جارہا ہے جبکہ پوری قوم کو اپنے شہدائے وطن پر فخر ہے۔ شہدائے ملت ہمارے اصل ہیرے ہونے کیساتھ نوجوانوں کیلئے مشعل راہ بھی ہیں۔ تحریک جوانان پاکستان کے چیئرمین عبداللہ گل نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہماری زندگیاں ان سیکورٹی اہلکاروں کی مرہون منت ہیں جو اپنی راحت و آسودگی سے بے نیاز اپنی جانیں داؤ پر لگا کر ملک و قوم کی حفاظت کرتے ہیں۔ ہماری فوج بے پناہ قربانیوں کے باعث خاص تکریم کی حقدار ہے۔ ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ زندہ قومیں ہمیشہ اپنی یادگاروں کی حفاظت اور تکریم کرتی ہیں، ہمیں شہدا کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیے۔ رکن صوبائی اسمبلی ظہور بلیدی نے باقاعدگی سے ایسی تقریبات کے انعقاد کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ شہدا کے خاندان بہت تکالیف برداشت کرتے ہیں لہٰذا ہمیں ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا چاہیے۔

## ایچ ای سی نے بجٹ میں جامعات کیلئے 10 ارب مختص کرنے کیلئے مراسلہ لکھ دیا

**صوبائی حکومت بجٹ میں گرانٹس ان ایڈ میں اضافہ کردے تو جامعات کے مسائل میں کمی آسکتی ہے، ذرائع**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کو 2023-24 کے سالانہ بجٹ میں جامعات کی گرانٹس ان ایڈ میں اضافے کے لئے مراسلہ لکھ دیا۔ تفصیلات کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو ایک مراسلہ لکھا ہے جس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ 2023-24 کے سالانہ بجٹ میں صوبائی حکومت اپنی تمام جامعات کے لئے جو گرانٹس ان ایڈ دے رہی ہے اس میں اضافہ کیا جائے اور یہ لیٹر فپواسا فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کے ساتھ مارچ میں ہونے والی میٹنگ کے منٹس کا بھی حصہ تھا۔ میٹنگ میں فپواسا فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کے ارکان کا یہ کہنا تھا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے یہ درخواست کرنی ہے کہ 10 ارب روپے صوبائی حکومت اگر اس صوبے کی جامعات کے لئے گرانٹس ان ایڈ میں رکھ دے تو صوبے کی تمام جامعات بالخصوص جامعہ بلوچستان کے مسائل میں کمی آسکتی ہے جو سخت مالی بحران کا شکار ہے اور اسے گذشتہ دو سال سے بروقت مکمل تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں، جس کی وجہ سے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، ایمپلائز ایسوسی ایشن اور آفیسرز ایسوسی ایشن جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے پلیٹ فارم سے احتجاج کرتی رہی ہیں اس لئے بجٹ سے پہلے صوبائی حکومت کو ایچ ای سی کے چیئرمین نے یہ مراسلہ بھیجا ہے اور اس کے ساتھ فپواسا اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان نے بھی اس حوالے سے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ آنے والے بجٹ میں 10 ارب روپے یونیورسٹیز کے لئے گرانٹس ان ایڈ کی مد میں مختص کرے۔

MASHRIQ QUETTA

## کسٹم ڈیوٹی کی مد میں ایف بی آر میں 21 ارب جمع کرلیا ہے، محمد سلیم

**مند میں بارڈر مارکیٹ کا افتتاح خوش آئند ہے، چیف کلکٹر آف کسٹم**

**اسکے علاوہ چھ جوائنٹ بارڈر مارکیٹیں مختلف مقامات پر مکمل ہوئی ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) کلکٹریٹ آف کسٹم بلوچستان کے چیف کلکٹر محمد سلیم نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے بلوچستان کسٹمز کو ملنے والے ہدف ساڑھے 21 ارب روپے میں سے 21 ارب روپے کسٹم ڈیوٹی کی مد میں جمع کرلیا ہے اور ماہ مئی کے اختتام پر اپنے ہدف کو عبور کریں گے، مند میں بارڈر مارکیٹ کا افتتاح خوش آئند ہے اس سے دونوں........ بقیہ نمبر 47 صفحہ 9 پر

ممالک کے سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو روزگار کے مواقع اور اشیائے خورد و نوش کی فراہمی سمیت تازہ پھل اور سبزیاں بارعایت ملیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ جوائنٹ بارڈر مارکیٹ ہے جس میں ایران اور پاکستان دونوں ممالک کی جانب سے بارڈر کے دونوں جانب مارکیٹیں قائم کی گئیں ہیں جس میں بارڈر کے علاقوں میں بسنے والے لوگوں کو ان مارکیٹوں سے 152 آئٹم پر خصوصی ٹیکس میں رعایت کے ساتھ تازہ پھل سبزیاں اور دیگر روزمرہ کے استعمال کی چیزیں میسر ہوں گی انہوں نے کہا کہ ان مارکیٹ کے حوالے سے تمام انتظامات متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کو دیے گئے ہیں جو ان کی نگرانی اور مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں گے

## بلوچستان میں اس سال ہدف سے زیادہ گندم پیدا ہورہی ہے، سیکرٹری زراعت

**ہماری سالانہ ضرورت 15 لاکھ میٹرک ٹن اور 16 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کا تخمینہ لگایا ہے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکرٹری زراعت بلوچستان اسد علی کھوکھر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اس سال ہدف سے زیادہ گندم پیدا ہورہی ہے ہماری سالانہ ضرورت 15 لاکھ میٹرک ٹن سالانہ ضرورت ہے اور 16 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کا تخمینہ لگایا ہے فورتائر سروس اسٹرکچرز کی منظوری سے بلوچستان کے گریڈ 19- 18 اور 20 کے تقریبا 6 سو ملازمین کو........ بقیہ نمبر 48 صفحہ 9 پر

اگلے گریڈ میں ترقیاں ملینگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ایگریکلچر آفیسر ایسوسی ایشن کی جانب سے فورتائر سروس اسٹرکچرز کی منظوری کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت راجی راہشون، میر اسداللہ بلوچ، سیکرٹری تعلیم عبدالروف بلوچ، ڈائریکٹر سکول عبدالشاکر بلوچ سمیت دیگر ڈائریکٹرز جنرل اور ڈائریکٹرز بھی موجود تھے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 29 MAY 2023 Page No: 14


## بلوچ طلباء پر تعلیم کے دروازے بند کیے جارہے ہیں، بی این پی

**ملک محی الدین لہڑی کی پنجاب یونیورسٹی بلوچ کونسل کے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) بی این پی کوئٹہ کے سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی ڈپٹی سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی اور مرکزی کونسل کے رکن میر غلام رسول مینگل نے پنجاب یونیورسٹی میں بلوچ کونسل کے چیئرمین یسین بلوچ و دیگر ارکان و طلباء نے ملاقات کر کے انہیں ناروا سلوک، پرتشدد حملوں اور مشکلات سے آگاہی دی جس پر رہنماؤں نے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب و دیگر تعلیمی اداروں میں بلوچستان کے طلباء مشکلات کا شکار ہیں مالی مشکلات سے بڑھ کر طلباء پر اکثر حملے کر کے انہیں تعلیم سے دور رکھنے کی سازش کی جا رہی ہے رہنماؤں نے طلباء کو پارٹی سربراہ سردار اختر مینگل، وفاقی وزراء آغا حسن بلوچ اور میر ہاشم نوتیزئی کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔


MASHRIQ QUETTA


## ایٹمی دھماکوں سے قبل اعتماد میں نہیں لیا گیا، احتجاج پر وزیراعلیٰ سے ہاتھ دھونا پڑا، سردار اختر مینگل

**چاغی میں ایٹمی دھماکے کا کریڈیٹ لینے والے بہت ہیں لیکن کیا کسی صدر، وزیراعظم، وزیر نے چاغی کا دورہ کیا ہے کہ وہاں کیا حالات ہیں، سربراہ بی این پی**

**اس سال جو سیلاب بلوچستان میں آیا ہے، جس سے چاغی زیادہ متاثر ہوا ہے کسی نے آج تک چاغی کے مظلوم محکوم عوام کے بارے میں کوئی بات کی ہے**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ چاغی میں ایٹمی دھماکے کا کریڈیٹ لینے والے بہت ہیں لیکن کیا کسی صدر، وزیراعظم، وزیر نے چاغی کا دورہ کیا ہے کہ وہاں کیا حالات ہیں، ایٹمی دھماکوں سے قبل اعتماد میں نہیں لیا گیا احتجاج کرنے پر وزارت اعلیٰ سے ہاتھ دھونا پڑا اپنے سینہ پر ایٹمی دھماکے برداشت کرنے والا ضلع چاغی آج بھی قدرتی و سرکاری آفات کی زد میں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ آ........ بقیہ نمبر 37 صفحہ 9 پر

ج 28 مئی ہے میں ریکارڈ کی درستگی کیلئے 28 مئی 1998 میں اس وقت وزیراعلیٰ بلوچستان تھا چاغی ایٹمی دھماکے کیلئے جس جگہ کو منتخب کیا گیا تھا اس وقت کو خوش قسمتی کہیں یا بدقسمتی کہیں جس دن ایٹمی دھماکے ہوئے بحیثیت وزیراعلیٰ مجھے اعتماد میں نہیں لیا گیا تھا اور جس پر ہم نے جب احتجاج کیا اور اعتراض کیا ہمیں کیا پتہ تھا اس احتجاج پر ہمیں وزیراعلیٰ شپ سے ہاتھ دھونے پڑیں گے اور میاں محمد نواز شریف اس وقت وزیراعظم تھے اور انہوں نے اپنے تقاریر میں بھی یہ حوالہ دیا ہے

## جدوجہد کرنے والے غریب عوام اور عام سیاسی کارکن سماج کے ہیرو ہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ

**سیاست علم و دانش کے بغیر نامکمل ہے صاحب کتاب لوگ خراج تحسین کے مستحق ہیں جو عوام میں شعور علم پھیلاتے ہیں، سابق وزیراعلیٰ**

**علم و دانش کے بغیر سیاسی عمل، جدوجہد کو آگے بڑھانا موجودہ دور میں ناممکن ہے، قاضی عبدالحمید، رمضان میمن، ڈاکٹر حکیم بلوچ کا خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اکابرین سمیت عام سیاسی کارکنوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں جو گمنامی کی زندگی بسر کر رہے ہیں یا پھر تاریخ میں گمنام ہوتے جا رہے ہیں ایسے قربانی دینے والے سیاسی کارکنوں کے جدوجہد کی تاریخ کو قلمبند کرنا محنت کشوں اور عام لوگوں کی اصل تاریخ ہے، ممتاز ترقی پسند دانشور ڈاکٹر کہور خان بلوچ کی کتاب قومی سوال بیسویں صدی کے تناظر میں، محمد رمضان میمن کی کتاب حلقہ زنجیر میں زباں، عبدالقادر رند کی کتاب خطا........ بقیہ نمبر 41 صفحہ 9 پر

ب یادگاں بلوچستان اور محمد نواز کھوسہ کی کتاب صحبت پور ماضی و حال کی تقریب رونمائی کے موقع پر بلوچی اکیڈمی کوئٹہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کی، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے واضح کیا کہ علم و دانش کے بغیر سیاسی عمل وجدوجہد کو آگے بڑھانا موجودہ دور میں ناممکن ہے اور خوشی اس بات کی ہے کہ آج بیک وقت چار کتابوں کی تقریب رونمائی ایک ساتھ ہو رہی ہے اور کتابوں کے لکھاری عام سیاسی سماجی اور ادبی شخصیات ہیں یاد رہے تقریب کا انعقاد مکتبہ یوسف عزیز مگسی اکیڈمی نے کیا تھا۔ تقریب رونمائی سے قاضی عبدالحمید شیرزاد، رمضان میمن، ڈاکٹر حکیم بلوچ، صدیق کھتران، ایڈووکیٹ نور جہاں کہور، نواز کھوسہ، وحید زہیر، نور خان محمد حسنی نے بھی خطاب کیا۔

## جو جدوجہد کر رہے ہیں وہ آئینی قانونی اور پرامن ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

**بجلی، پانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ہمارے جائز مطالبات ہیں، حق دو تحریک**

گوادر (یو این اے) بلوچستان کے شہر گوادر میں حق دو تحریک کے روح رواں مولانا ہدایت الرحمٰن چار ماہ سے زائد عرصہ قید میں گزارنے کے بعد حال ہی میں رہا ہو چکے ہیں مولانا ہدایت الرحمٰن نے جیل میں گزارے اس وقت کے دوران پیش آنے والے حالات اور مشکلات کے بارے میں بتایا کہ تمام مقدمات، تشدد، کرائم برانچ میں پیشی، لاک اپ کی مشکلات........ بقیہ نمبر 56 صفحہ 9 پر

، عدالتی پیشیاں، ضمانتوں کی منسوخی کے باوجود ہمارے کارکن پرعزم ہیں اور حوصلے کے ساتھ ڈٹے ہوئے ہیں۔ ہمیں کوئی مایوسی کوئی خوف نہیں ہے ہم مطمئن ہیں کہ ہم جو جدوجہد کر رہے ہیں وہ آئینی، قانونی اور پرامن ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہمارا اگلا لائحہ عمل یہی ہے کہ ہم پہلے بھی پرامن تھے۔ آئندہ بھی رہیں گے۔ پہلے بھی جمہوری جدوجہد کرتے تھے، پہلے بھی آئین پاکستان نے ہمیں جو حقوق دیے ہیں، انہی حقوق کا مطالبہ کریں گے، ہم آئین پاکستان کے تحت قانون کے دائرے کے اندر جدوجہد کے جتنے بھی راستے ہیں وہ اختیار کریں گے۔ پہلے بھی ہم پر تشدد ہوا، ہمارے گھروں پر چھاپے مارے گئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

29 MAY 2023

Bullet No. 4

DATE:

Page No: 15

## کوئٹہ: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن، ایک مغویہ بازیاب، 14 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایک مغویہ کو بازیاب کرا کر 14 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق سیٹلائیٹ ٹاؤن پولیس نے اغوا کار رضوان حمید کو گرفتار کر کے مغویہ (ز) کو بازیاب کرا لیا گوالمنڈی پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 3 منشیات فروشوں محمد انور، سلیمان، مجیب اللہ کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے 8 کلو 140 گرام چرس برآمد کر لی بجلی روڈ پولیس اور کچلاک پولیس نے اسلحہ برآمد ہونے پر دو افراد کو خروٹ آباد پولیس نے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے تقریباً ڈھائی کلو چرس 1 پسٹل اور گھریلو سامان برآمد کر کے قبضے لے لیا۔

## بیلہ: پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

بیلہ (نامہ نگار) سی آئی اے پولیس لسبیلہ نے پورالی پل بیلہ کے مقام پر اسنیپ چیکنگ کے دوران ایک موٹر سائیکل قبضے میں لے کر گلی نیو محمد شہی کوئٹہ کے رہائشی ملزم محمد اکرم کو گرفتار کر کے اس کے خلاف پولیس تھانہ بیلہ میں مقدمہ درج کر لیا ہے پولیس کے مطابق موٹر سائیکل تھانہ عزیز آباد کراچی کی حدود سے چوری کی گئی تھی، ملزم سے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

## کچلاک پولیس نے اسلحہ برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک پولیس نے اسلحہ برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق کچلاک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم اکبر کو گرفتار کر کے ان سے قبضے سے پستول اور گولیاں برآمد کر لی پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

## آواران میں گولیوں سے چھلنی لاش برآمد

آواران (نامہ نگار) آواران کے علاقے پیرا ندر زیدان گروپ پیر میں میں گولیوں سے چھلنی لاش برآمد ہوئی ہے ہسپتال میں لاش کی شناخت ماجد ولد بیتا سکنہ حسن گوٹھ پیراندر کے نام سے ہوئی ہے جسے نامعلوم افراد نے گولیاں مار کر ہلاک کیا ہے۔

## نوکنڈی میں قتل میں مطلوب ملزم گرفتار

نوکنڈی (نامہ نگار) رسالدار نوکنڈی جاوید عیسیٰ زئی نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر سمیع اللہ کشانی کو گرفتار کر لیا ملزم اپنے کزن سمیع اللہ کشانی کے قتل میں مطلوب تھا۔

MASHRIQ QUETTA

## بالاناڑی ہائی وے پر بڑی ڈکیتی گاڑیوں کو لوٹ لیا، ٹرانسپورٹر کا احتجاج

ڈاکو جیکب آباد سے سبی آنے والی مسافر ویگن کو روک کر مسافروں سے نقد رقم، موبائل فون اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار

ٹرانسپورٹرز اور مقامی افراد نے احتجاجاً نیشنل ہائی وے کو بلاک کر دیا، لیویز انتظامیہ کی یقین دہانی پر سڑک کھول دی

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) بالاناڑی نیشنل ہائی وے پر بڑی ڈکیتی ڈاکو ویگن کے مسافروں سے زبردستی رقم اور دیگر سامان لوٹ کر فرار، ٹرانسپورٹرز نے شاہراہ بند کر دی تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کے لیویز تھانہ بالاناڑی کی حدود میں ہفتے کی دوپہر تقریباً درجن سے زائد مسلح ڈاکوؤں نے نیشنل ہائی وے کچھی کے قریب جیکب آباد سے سبی آنے والی مسافر ویگن کو سرعام اسلحہ کے زور پر روک کر اس میں سوار مسافروں سے نقد رقم موبائل فون اور قیمتی سامان چھین کر ڈاکو مسافروں سے تلاشی کے دوران مبینہ طور پر ان کے ضروری دستاویزات بھی زبردستی لوٹ کر با آسانی فرار ہو گئے جس پر ٹرانسپورٹرز مسافروں اور مقامی افراد نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کئی گھنٹوں تک احتجاجاً نیشنل ہائی وے کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دیا جسے بعد میں مقامی لیویز انتظامیہ نے مظاہرین کے ساتھ مذاکرات اور واقع میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی یقین دہانی کے بعد ہائی وے کو کھول دیا مزید تفتیش بالاناڑی لیویز کر رہی ہے

INTEKHAB QUETTA

## تمبو کے علاقے میں ایک شخص قتل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) تمبو کے علاقے میں اندھا دھند فائرنگ سے ایک شخص قتل جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے تفصیلات نصیر آباد پولیس تھانہ خان کوٹ کچھ دو گوٹھ محمد امین عمرانی نزد یک نامعلوم افراد نے بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

اندھا دھند فائرنگ کر کے رحمت اللہ کو قتل کر دی ملزمان موقع سے فرار ہو گئے پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا ضروری کارروائی کرنے کے لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔

## کوئٹہ، چوردن دہاڑے اسلحہ کے زور پر پک اپ گاڑی لے اوڑے

کوئٹہ (یو این اے) کچلاک تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کلی ختائی بابا کے رہائشی محب اللہ استاد معمول کے مطابق گاؤں سے کچلاک بازار پہنچے تو 2 افراد آئے اور کہا کہ ہم ایک ٹھیکیدار کے ساتھ کام کر رہے ہیں بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

آپ ہمارے ساتھ کوئٹہ روی گی اور تیراکل تک جائیں کرایہ طے ہونے کے بعد روانہ ہوئے نوی گی وریر پہنچ گئے اس کے بعد نوی گی سے ایک وہ گلی پہنچے گئے آبادی ختم ہوئی ان افراد نے کہا کہ آگے راستہ ٹھیک ہے آپ انتظار کرو ہم سامان لاتے ہیں اسے میں ان افراد کے بچے سے ایک موٹر سائیکل ایک دروج نوی گی کے جانب سے آئے اور پک اپ گاڑی مالک کو اسلحہ کے زور پر باندھ کر دوبارہ نوی گی لے گئے ایک مکان میں باندھ کر رات تک اور رات کی تاریکی میں واپس ویرانے میں چھوڑ کر فرار ہو گئے واقعہ کی اطلاع رپورٹ متعلقہ تھانے کو کر دیا گیا ہے تاہم اب تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے انتظامیہ بروقت کارروائی عمل میں لائیں اور ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## کوئٹہ 14 ملزمان گرفتار لڑکی بازیاب منشیات اسلحہ برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں اشتہاری ملزمان چوروں ڈکیتوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر کے 1 لڑکی کو بازیاب کرا کر بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ برآمد کر کے قبضے میں لے لیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر ایس ایس پی بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

آپریشن زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر تھانہ گوالمنڈی کے ایس ایچ او جواد حیدر نے مختلف کارروائیوں میں 3 منشیات فروشوں محمد انور، سلیمان، مجیب اللہ کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے 8 کلو 140 گرام چرس برآمد کر لی انکے علاوہ بجلی روڈ پولیس نے اعظم کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ کچلاک پولیس اکبر کے قبضے سے پسٹل اور راؤنڈ برآمد کر لیا

# کوہلو میں ملیریا اور ٹائیفائیڈ پھیلنے لگا، مریض پریشان

**دیہی علاقے خاص طور پر متاثر ہورہے ہیں، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل**

**ڈی ایچ کیو میں ادویات کی کمی ہے جن سے مشکلات مزید بڑھ گئیں، عوامی حلقے**

کوہلو(نمائندہ ایکسپریس)بلوچستان بھر کی طرح ضلع کوہلو بھی گزشتہ سال کی طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال سے بہت متاثر ہوا ہے جبکہ حال ہی میں ہونے والی بارشوں کے بعد ضلع بھر میں مچھروں کی یلغار سے ملیریا اور ٹائیفائیڈ نے عوام کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے اور خاص کر بچوں اور بزرگوں میں بیماریاں تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہیں، وبائی امراض ضلع کے دیہی علاقوں میں ہر دوسرے شخص میں بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں، اب تک ضلع بھر میں درجنوں مرد خواتین بچوں کو ملیریا ٹائیفائیڈ جیسی بیماریاں پائی گئی ہیں، زیادہ تر لوگوں میں ملیریا بخار کے ساتھ ہی ٹائیفائیڈ بخار بھی پایا جارہا ہے، اس حوالے سے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ادویات و سہولیات کا اشد فقدان ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں دیگر ادویات کی طرح بخار کی گولی اور سرنج تک نایاب ہوگئے ہیں جس کی وجہ سے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، ہسپتال میں آئے ہوئے مریضوں اور ان کے لواحقین نے نامہ نگار کو بتایا کہ ہم دور دراز علاقوں سے بڑے آس لے کر اپنے مریضوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال لاتے ہیں مگر سہولیات کی المیہ یہ کہ ہمیں سرنج سمیت تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنا پڑتی ہیں انہوں نے وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری، ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز احمد، ایف سی کمانڈنٹ عاطف ضیاء عباسی و دیگر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ہنگامی بنیادوں پر ادویات فراہم کی جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان میں چینی، آٹا اور اجناس کی قیمتیں بے لگام ہوگئیں

**کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں چینی 130 سے 200 روپے تک فی کلو، آٹا 20 کلوگرام 2600 سے لیکر 4000 تک فروخت ہوگا**

**چینی سب سے زیادہ ریٹ دالبندین میں فی کلو 200 روپے جبکہ آٹا سب سے زیادہ صحبت پور میں 20 کلوگرام 4000 روپے میں فروخت ہونے کا انکشاف ہوا ہے**

کوئٹہ(یو این اے) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں چینی اور آٹے کی قیمتیں ایک بار پھر بے لگام ہوگئیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں چینی 130 سے 200 روپے تک فی کلو فروخت جبکہ آٹا 20 کلوگرام 2600 سے لیکر 4000 تک فروخت کی جارہی ہے چینی سب سے زیادہ ریٹ دالبندین میں فی کلو 200 روپے جبکہ آٹا سب سے زیادہ صحبت پور میں 20 کلوگرام 4000 روپے میں فروخت

بقیہ نمبر78 صفحہ 7 پر

ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں چینی اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام نہ آسکا، بلوچستان میں پرائس کنٹرول کمیٹیوں کے غیر فعال ہونے سے مصنوعی مہنگائی کرنے والے بھی بے لگام ہوگئے، کوئٹہ میں چینی 137 روپے، آٹا 3100 روپے، چاغی میں چینی 2سو روپے، آٹا 20 کلو 3050 روپے، زیارت میں چینی فی کلو 140 روپے، آٹا 3000، بیلہ میں چینی 125 روپے، آٹا 2700 روپے، چمن میں چینی 150 روپے، آٹا 2800 روپے، صحبت پور میں چینی 130 روپے، آٹا 4000 روپے، اوتھل میں چینی 130 روپے، آٹا 2700 روپے، پنجگور میں چینی فی کلو 120 روپے، آٹا 2250 روپے، نصیر آباد میں چینی 120 روپے فی کلو، آٹا 20 کلو 3000 روپے، نوکنڈی میں چینی فی کلو 200 آٹا 20 کلو 3300 روپے، خاران فی کلو چینی 140 روپے، آٹا 20 کلو 3200 روپے، گنڈانی میں فی کلو چینی 130، آٹا 20 کلو 2800 روپے، قلات میں چینی فی کلو 120 روپے، آٹا 20 کلو 2600 روپے، قلعہ عبداللہ میں چینی فی کلو 129 روپے، آٹا 20 کلو 2420 روپے، پنجی پور میں فی کلو چینی 120 روپے، آٹا 20 کلو 2600 روپے، ژوب میں چینی فی کلو 120 جبکہ 20 کلوگرام آٹا 3 ہزار 350 روپے، حب میں چینی فی کلو 120، آٹا 20 کلو 2700 روپے، گوادر میں چینی 130 روپے جبکہ آٹا 2720، ضلع کیچ میں چینی 130، آٹا 20 کلوگرام 3000 روپے، نوشکی میں چینی ریٹ فی کلو 140 روپے، مستونگ میں چینی ریٹ 130 سے 140 روپے فروخت کی جارہی ہے اس کے علاوہ ملک کے مہنگا ترین شہر دالبندین میں چینی ریٹ فی کلو 200 روپے فروخت ہورہا ہے۔

CLIPPING SERVICE — P-1

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 29 MAY 2023 Page No: 18

# Commission on Audio Leaks Thwarted by Order

In a cascading sequence of leaks, some of which implicated the highest judiciary of the nation itself, the federal government established a three-member judicial commission last week, led by Justice Qazi Faez Isa. The commission was tasked with investigating the authenticity of recent audio leaks and assessing their impact on judicial independence. Section 3 of the Inquiry Commission Act 2017 empowered the formation of this commission, which included Chief Justice Naeem Akhtar Afghan from the Balochistan High Court and Chief Justice Aamer Farooq from the Islamabad High Court. However, the news had scarcely settled when the Supreme Court intervened on Friday, halting the proceedings of this influential judicial commission and suspending the federal government's notification regarding its formation. The order was issued by a five-member bench of the Supreme Court, headed by Chief Justice Umar Ata Bandial and comprising Justice Ijaz ul Ahsan, Justice Munib Akhtar, Justice Syed Hasan Azhar Rizvi, and Justice Shahid Waheed.

Yet, the saga did not end there, as Justice Qazi Faez Isa challenged the Supreme Court's order to cease the activities of the judicial panel. Consequently, he resumed the proceedings of the audio leaks commission on Saturday. Amidst the internal divisions within the higher judiciary, one critical question posed by Justice Isa remains unanswered: how can an investigation into an audio leak involving alleged misconduct by a judge be delayed? The government asserts that it established the commission in response to pressure from legal bars and civil society, who sought to safeguard the reputation of the top judiciary against these alleged leaks. Consequently, it was decided that only a judicial commission could impartially examine the veracity of the audio leaks and ascertain their truthfulness. Nevertheless, none of these justifications should diminish

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6　　DATE: 29 MAY 2023　　Page No: 20

# تربت کھجور فیکٹری کا قیام شاندار حکومتی اقدام

## تحریر:۔ چاکر بلوچ

بلوچستان کا مکران ڈویژن کھجور کی پیداوار میں ایک اہم اور مرکز کی حیثیت رکھتا ہے.

جہاں پنجگور اور کیچ میں کھجور کے سرسبز وشاداب باغات اپنی مثال آپ ہیں، یہ نا صرف سیاحوں کیلئے باعث حیرت ہیں بلکہ یہاں سے سالانہ ملک بھر میں لاکھوں ٹن کھجور پیدا ہوتی ہے.

کھجور نعمت خداوندی میں سے ایک اہم نعمت ہے جسکا تذکرہ قرآن مجید میں بھی اس کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے، جبکہ اسکے کھانے سے انسانی صحت پر بھی اسکے مثبت اثرات مرتب ہوسکتے ہیں.

کھجور کی پیداوار میں ضلع کیچ نہایت مشہور ہے جہاں کیچ ریور کے ارگرد میں واقع کھجور کے خوبصورت باغات کے مناظر نہایت دلکش مناظر ہیں.

یہاں کے لوگوں کا ایک اہم زریعہ معاش بھی کھجور کے انہی باغات پر منحصر ہے جو غریب عوام کیلئے پیٹ کی آگ بجھانے میں نہایت اہم کردار ادا کررہی ہیں.

اس جدید دور میں جہاں بین الاقوامی سطح پر مکران کیلئے کھجور کو متعارف کیا جارہا ہے نہایت حوصلہ افزاء ہے جبکہ اس سلسلے میں حکومت بلوچستان نے پہلی مرتبہ مکران کی سطح پر کام شروع کیا ہے جہاں پنجگور میں اماراتی حکومت کے تعاون سے حکومت نے کھجور کے فصل کی بہترین پیکنگ اور حفاظت کیلئے سمیت بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کیلئے حکومتی اقدامات معاون ومددگار ثابت ہونگے.

دوسری جانب ضلع کیچ کے تربت شہر کے قریب بھی کھجور کی فصل کی حفاظت کیلئے حکومتی سطح پر ایک سردخانہ قائم کیا گیا ہے جو کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے معاون ومددگار ثابت ہوگی.

مکران میں دنیا بھر کے اعلیٰ اقسام وکوالٹی کی کھجور پیدا ہوتی ہے جو حکومتوں کی عدم توجہی سے ماضی میں بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل نہیں کرسکا ہے لیکن اب کی بار حکومتوں کے حالیہ اٹھائے گئے اقدامات سے کھجور کے فصل کا مستقبل تابناک ہے.

اس وقت جہاں کاروباری سرگرمیاں دن بدن تیزی کیساتھ بڑھتی جارہی ہیں اور کاشتکاری و زمینداری کرنا مشکل امر بنتا جارہا ہے حکومت کی جانب کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے اقدامات اٹھانا مستقبل کیلئے ایک نیک شگون ثابت ہوگا، تاہم حکومت کی خواہش ہے کہ وہ مکران میں کھجور کی پیداوار بڑھانے کیلئے اور اسے عالمی منڈیوں تک رسائی کیلئے یہاں پر مزید اقدامات اٹھانیکا ارادہ رکھتی ہے جو کھجور کی فصل کی ترقی کیلئے اور اس سے جڑے لوگوں کیلئے انتہائی خوش آئند بات ہوگی.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 29 MAY 2023 Page No: ________



وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو سے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی ملاقات کررہے ہیں

Baakhabar Quetta



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے ملاقات کررہے ہیں، بی اے پی کے دیگر رہنماء بھی موجود ہیں

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

DATE: 29 MAY 2023

Page No: ________



اسلام آباد: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے ڈی جی پی ڈی ایم اے ملاقات کر رہے ہیں



میر اسد اللہ بلوچ کو ایگریکلچر آفیسرز ایسوسی ایشن کے واسم کاکڑ روایتی پگڑی پہنا رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

29 MAY 2023

Bullet No.________

DATE: ________

Page No: ________



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے نجیب اللہ اچکزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.________ DATE: 29 MAY 2023 Page No:________



**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo in a meeting with Senate Chairman Sadiq Sanjrani on Sunday. Senator Kahda Babar also present on the occasion.